58th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز




**عثمان خواجہ کو شاندار خراج تحسین**

آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے تجربہ کار اوپننگ بلے باز عثمان خواجہ کو ان کے شاندار بین الاقوامی کیریئر پر مبارکباد پیش کی ہے۔ (تفصیلات اندر)



**لٹن داس بنگلہ دیش کے کپتان مقرر**

آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے لئے بنگلہ دیش نے اپنے 15 رُکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ (تفصیلات اندر)


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 05 | صفحات : 08 | ۵ جنوری ۲۰۲۶ بروز سوموار بمطابق ۱۵ رجب ۱۴۴۷ | Monday 05th January 2026 | جلد نمبر 58


## جموں میں اسمبلی کے اگلے اجلاس کی تاریخ اور وقت کا اعلان

### لیفٹیننٹ گورنر 2 فروری کو صبح 10 بجے ایوان سے خطاب کریں گے

سرینگر/ یو پی آئی/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں و کشمیر اسمبلی کا بجٹ سیشن 2 فروری سے طلب کر لیا ہے، جو ان کے 10 بجے ایوان سے روایتی خطاب کے ساتھ شروع ہوگا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق عمر عبداللہ حکومت نے رواں برس سیشن کو ایک ماہ پہلے منعقد کرنے کا فیصلہ ماہِ رمضان کا احترام ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے لیا ہے۔ رمضان 20 فروری سے متوقع ہے اور 21 مارچ تک جاری رہے گا، جس کے دوران حکومت نے اجلاس میں وقفہ رکھنے کا عندیہ دیا ہے۔ اسمبلی سیکریٹری منوج کمار پانڈت کی جانب سے جاری بلیٹن میں اراکین اسمبلی کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 12 جنوری تک اپنے زیادہ سے زیادہ 10 ستارزدہ اور 10 غیر ستارزدہ سوالات جمع کرائیں۔ اسی طرح ہر ایم ایل اے دو پرائیویٹ ممبرز بل 15 جنوری تک اور چار قراردادیں 17 جنوری تک پیش کر سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ سیشن دو حصوں میں ہوگا۔/1




## اپنے بیٹے کی موت کی خبر سن کر ماں غش کھا کر چل بسی

### ادھم پور کے ایک علاقہ میں اپنی نوعیت کا پہلا دلخراش واقعہ

سری نگر، 04 جنوری (کے این ایس): جموں کے ادھم پور ضلع کے ایک المناک واقعہ میں، ایک خاتون اپنے بیٹے کی موت کے بارے میں جان کر صدمے کی خبر سن کر لقمہ اجل بن گئیں، جو پہلے جنگل کے علاقے میں درخت سے گر گیا تھا۔ ارشاد احمد نوجوان ایک درخت سے گر کر لقمہ اجل بن گیا تھا۔ اس دوران جب اس المانک واقعے کے خبر ان کے اہل خانہ کو پہنچائی گئی۔ افسوسناک خبر سن کر ان کی والدہ زیتون بیگم مبینہ طور پر صدمے میں چلی گئیں اس دوران اگر چہ خاتون کو غش طاری ہونے کے بعد علاج معالجے کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم، وہ ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ اس واقعے نے پورے گاؤں کو غم میں مبتلا کر دیا،/2

## لیفٹیننٹ گورنر کی جنوبی کشمیر کے نوجوانوں کے گروپ کو ایکسپوزر ٹور کو جھنڈی

### دورے کا مقصد ''ایک بھارت شریشٹھ بھارت'' کے جذبے کو مضبوط بنانا ہے



جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے آج جنوبی کشمیر کے مختلف اَضلاع سے تعلق رکھنے والے 25 نوجوانوں کے ایک گروپ کو 10 روزہ تعلیمی، ثقافتی تبادلے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے دورے کے لئے جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا۔ اُنہوں نے نوجوانوں سے بات چیت کی اور اُنہیں نیک خواہشات خواہشات کا اِظہار کیا۔ دس روزہ دورے کے دوران طلباً اور اُبھرتے ہوئے نوجوان رہنما مختلف علاقوں کا دورہ کریں گے جن میں چندی گڑھ، ہریانہ اور شملہ شامل ہیں۔ اِس دورے کا مقصد ''ایک بھارت شریشٹھ بھارت'' کے جذبے/3

## عمر عبداللہ کی گورو گوبند سنگھ جی کی جینتی پر لوگوں کو مبارک باد

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سکھ کمیونٹی اور گورو گوبند سنگھ جی کی یوم پیدائش منانے والے تمام لوگوں کو مُبارک باد پیش کی۔ وزیر اعلیٰ نے اَپنے مُبارک بادی کے پیغام میں گورو گوبند سنگھ جی کی زِندگی اور تعلیمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اُنہیں سچائی، جرأت، دیانت داری اور اِنسانیت کے لئے عقیدت کا سرچشمہ قرار دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ گورو جی کے قربانیوں، راستبازی اور خدمت کے نظریات دُنیا بھر میں لاکھوں لوگوں کے لئے تحریک کا سبب ہیں اور آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ رہیں گے۔ اِس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے جموں و کشمیر میں اَمن، خوشحالی اور ہم آہنگی کے لئے دعا کی اور اُمید ظاہر کی یہ دِن سماج کے تمام طبقات میں اتحاد، بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے رشتوں کو مزید مضبوط کرے گا۔

## ریلوے پروٹیکشن فورس اہلکار زخمی

### اپنی بندوق سے نکلی گولی کندھے پر لگی

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے ضلع کٹھوعہ میں ریلوے پروٹیکشن فورس (آر پی ایف) کا ایک کانسٹیبل اس وقت شدید طور پر زخمی ہوگیا جب اس کی سروس رائفل سے ڈیوٹی کے دوران اچانک گولی چل گئی۔ مذکورہ اہلکار، جس کی شناخت کانسٹیبل دنیش کمار کے طور پر ہوئی ہے، اسٹیشن پر اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے کہ اچانک ان کی سرکاری رائفل سے/4

## بمنہ میں کرایہ کے کمرے میں خاتون بے ہوش

### ہسپتال میں مردہ قرار دی گئی

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق سید آباد بمنہ سرینگر کے علاقے میں اس وقت سنسنی دوڑ گئی جب نائد کھائی سمبل سونہ واری علاقے سے تعلق رکھنے والی خاتون کو کرایہ کے کمرے میں بیہوشی کی حالت میں پایا گیا۔ پولیس پارٹی جائے موقع پر پہنچ گئی اور نعش کو اپنی تحویل میں لیکر اسپتال پہنچادیا گیا۔ معائنے کے دوران ڈاکٹروں نے خاتون کو مردہ قرار دیا۔ خاتون کی شناخت سیما زوجہ محمد رجب کے بطور کر کے معاملے کی تحقیقات شروع کردی۔

## لڑاکا طیاروں کی بروقت فراہمی ضروری/ ایئر چیف مارشل

### قومی سیمینار ''ایروناٹکس 2047ء'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب

بنگلورو/ یو این آئی/ ہندوستانی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ نے اتوار کو کہا کہ بدلتے ہوئے سلامتی چیلنجز کے پیش نظر ہندوستانی فضائیہ کو آپریشنز کے لیے ہر وقت تیار رکھنے کے لیے دیسی لڑاکا طیاروں کی بروقت ڈلیوری نہایت ضروری ہے۔ ایئر بورن سسٹمز سینٹر (سی اے بی ایس) میں ایرو ناٹیکل ڈیولپمنٹ ایجنسی (اے ڈی اے) کے زیر اہتمام دو روزہ قومی سیمینار 'ایروناٹکس 2047' کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ہلکے لڑاکا طیارے تیجس کی پرواز کے 25 سال مکمل ہونے پر اے ڈی اے کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر انہوں نے زور دیا کہ تیاری اور سپلائی کو مقررہ وقت میں مکمل کرنا ہندوستانی فضائیہ کی جنگی تیاری کو برقرار رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ایئر چیف مارشل سنگھ نے کہا کہ آج کے بدلتے ہوئے سلامتی کے ماحول میں آپریشنل تیاری صرف جدید ٹیکنالوجی پر ہی منحصر نہیں ہوتی بلکہ اس بات پر بھی ہے کہ اسے بغیر کسی تاخیر کے مؤثر طریقے سے استعمال کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ''تیجس جیسے دیسی طیاروں کو بروقت شامل کرنا فضائی برتری برقرار رکھنے اور




قومی مفادات کے تحفظ کے لیے کافی ضروری ہے۔'' سیمینار میں دفاعی ماہرین، ماہرینِ تعلیم اور دفاعی صنعت سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ اس دوران ابھرتی ہوئی ہوابازی کی ٹیکنالوجی، اگلی نسل کے لڑاکا طیاروں کے ڈیزائن، ڈیجیٹل پروڈکشن اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے استعمال جیسے موضوعات پر توجہ مرکوز کی گئی۔

## کریری میں خاتون کی ہلاکت

### مقامی لوگوں کا تحقیقات کیلئے مقدمہ

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق گزشتہ دنوں کریزی بارہمولہ کے علاقے میں ساٹھ سالہ عطیقہ نامی خاتون کی نعش ان کے گاؤخانے سے پُراسرار طور پر برآمد کی گئی، مذکورہ خاتون پانچ نومبر سے لاپتہ تھی۔ اب علاقے کے لوگوں نے خاتون کی پُراسرار ہلاکت میں ملوث افراد کو بے نقاب کرنے کے لئے علاقے میں احتجاج کا اہتمام کیا تھا۔ پولیس جائے موقع پر پہنچ گئی اور احتجاج کرنے والوں کو یقین دلایا کہ اس ہلاکت کے سلسلے میں تحقیقات کے آخری مرحلے میں ہے۔ پانچ سے سات دن مذید درکار ہونگے۔

## پولیس کی تصدیق کے بغیر کرایہ داروں کو رکھنے کے الزام پر

### جموں میں سات افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا/ ترجمان

جموں/ یو این آئی/ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن باہو فورٹ نے ضلع مجسٹریٹ جموں کے احکامات کی خلاف ورزی کرنے پر مکان مالکان کے خلاف بی این ایس کی دفعہ 223 کے تحت 5 مقدمات درج کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان مکان مالکان پر الزام ہے کہ انہوں نے اپنے رہائشی مکانات میں پولیس تصدیق کے بغیر کرایہ دار رکھے ہیں۔ بیان کے مطابق باہو فورٹ پولیس اسٹیشن میں جن لوگوں کا مقدمہ درج کیا گیا ہے ان کی شناخت بہار احمد نائک ولد غلام نبی نائک ساکن کھاڑی رام بن حال پلی ہل بٹھنڈی، قیصر نظامی ولد محمد امین نظامی ساکن فردوس کالونی سری نگر حال پلی ہل بٹھنڈی جموں، عمر جان ولد غلام نبی بٹ ساکن ہاؤسنگ کالونی بمنہ حال مکان نمبر 159 – ڈی پلی ہل بٹھنڈی، سجاد احمد ولد محمد ایوب ساکن ڈوڈہ حال بٹھنڈی نالہ، برمنی روڈ بٹھنڈی اور صدام حسین ولد عبدالمجید شیخ ساکن رام بن حال بٹھنڈی نالہ کے طور پر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح کی ایک اور کارروائی کے/5

## بارہمولہ جنگل کا چپہ چپہ چھاننے کے دوران خفیہ ٹھکانہ برآمد/ پولیس

### تلاشی کے دوران AK-47 کی 24 گولیاں زنگ آلود حالت میں برآمد

سرینگر/ یو پی آئی/ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ کے سچلی واران جنگلات میں ایک اہم مشترکہ تلاشی آپریشن کے دوران ایک خفیہ ٹھکانہ برآمد کیا گیا، جس سے اسلحہ، گولہ بارود اور روزمرہ استعمال کی متعدد اشیاء ضبط کی گئیں۔ پولیس کے مطابق یہ کارروائی بارہمولہ پولیس، سی آر پی ایف 53 بٹالین، 46 راجپوت رائفلز، آرمی سرویلنس ٹیم اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی مشترکہ حکمت عملی کے تحت انجام دی گئی۔ تلاشی کے دوران اے کے 47 کی 24 گولیاں زنگ آلود حالت میں برآمد ہوئیں، جبکہ دو ہینڈ گرینیڈ بھی ضبط کئے گئے۔ اس کے علاوہ ایک اسٹیل کنستر جس میں خوراک تھی، ادویات کا اسٹریپ، وائرلیس اینٹینا اور مختلف اوزار بشمول آری، تیشہ، بیلچہ، کدال اور وائر کٹر بھی ملے، جن میں سے بیشتر زنگ آلود تھے۔ ٹھکانے سے روزمرہ استعمال کی متعدد اشیاء بھی برآمد ہوئیں، جن میں چھتریاں، ایک جوڑا جوتے، موزے، گرم ٹوپیاں، تھرماکوٹ شیٹس، اسٹیل کا پیالہ، کیری بیگز، کپڑے جیسے جیکٹ اور پتلون، کمبل، لحاف، تقریباً ایک کلو سڑی ہوئی کھجوریں/6

## سونہ مرگ میں مہاراشٹر کا سیاح

### گاڑی سے گر کر دم توڑ گیا

سرینگر/ اے پی آئی/ سیر و تفریح کے دوران سونمرگ میں مہاراشٹرا کا سیاح گاڑی سے گر کر گہری کھائی میں جا گرا اور اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لا کر دم توڑ بیٹھا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق سونمرگ صحت افزاء مقام پر اُس وقت سنسنی دوڑ گئی جب مہاشٹرا سے آئے ہوئے ایک کنبے کا فرد 57 سالہ محمد رائس ولد محمد شریف چلتی گاڑی سے اچانک گر گیا اور کھائی میں گر کر شدید طور پر زخمی ہوا۔ مذکورہ سیاح کو اسپتال پہنچایا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لا کر دم توڑ گیا۔

## سرینگر برف کا منتظر پہاڑی علاقوں میں چوٹیاں سفید پوش

### اتوار کی صبح گلمرگ میں ہلکی سے درمیانی درجے کی برفباری ریکارڈ کی گئی

سرینگر/ یو این آئی/ وادی کشمیر کے مشہور سیاحتی مقامات گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام میں اتوار کو تازہ برفباری ہوئی ہے۔ سردی کی شدت میں اضافے کے باوجود مقامی لوگوں اور سیاحوں نے موسم کی اس تبدیلی کا پُرجوش استقبال کیا۔ رواں ہفتے کے دوران ان علاقوں میں ہونے والی برفباری نے نہ صرف وادی کی خوبصورتی دوبالا کر دی ہے بلکہ سرمائی سیاحت کو بھی نئی جان بخش دی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار کی صبح گلمرگ میں ہلکی سے درمیانی درجے کی برفباری ریکارڈ کی گئی، جس کے بعد مشہور سیاحتی مقام کا پورا علاقہ سفید چادر اوڑھے نظر آیا۔ سونہ مرگ اور پہلگام میں بھی دن بھر وقفے وقفے سے برفباری ہوتی رہی، جس کے نتیجے میں درختوں، گھاٹیوں اور پہاڑی چوٹیوں نے نہایت دلکش منظر پیش کیا۔ برفباری کی اطلاعات ملتے ہی بیرون ریاستوں سے آنے والے سیاحوں نے فوری طور پر ان مقامات کا رخ کیا۔ گلمرگ کے کانگڈوری ایریا میں موجود ایک سیاح وجے شرما نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: 'ہم پہلی بار کشمیر آئے ہیں اور اس طرح کی برفباری دیکھ کر ایسا لگ رہا ہے جیسے خواب سچ ہو گیا ہو۔ گلمرگ کا/9

## سات IAS، آئی پی ایس افسران کا جموں و کشمیر سے باہر تبادلہ

### انہیں دہلی، چندی گڑھ، لداخ اور پڈوچیری میں تعینات کیا گیا ہے

سرینگر/ کے این ایس/ جموں و کشمیر میں اتوار کو ایک بڑا انتظامی ردوبدل دیکھنے میں آیا کیونکہ وزارت داخلہ نے اے جی ایم یو ٹی کیڈر کے تحت کئی آئی اے ایس اور آئی پی ایس افسران کے تبادلے کا حکم دیا۔ یہ اقدام معمول کے کیڈر مینجمنٹ کا حصہ ہے جس کا مقصد گورننس کو مضبوط بنانا اور یونین ٹیریٹری میں موثر انتظامیہ کو یقینی بنانا ہے۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری کردہ ایک سرکاری حکم نامے کے مطابق سات آئی اے ایس اور آئی پی ایس افسران کا فوری اثر سے جموں و کشمیر سے باہر تبادلہ کر دیا گیا ہے۔ ہٹائے گئے افسران میں سنتوش ڈی ویدیا (آئی اے ایس)، نیرج کمار (آئی اے ایس)، سید عابد رشید شاہ (آئی اے ایس)، بصیر الحق چودھری (آئی اے ایس)، سلونی رائے (آئی اے ایس)، راجندر کمار گپتا (آئی پی ایس)، اور شوبھت ڈی سکسینہ (آئی پی ایس) شامل ہیں۔ انہیں دہلی، چندی گڑھ، لداخ اور پڈوچیری میں تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی، مرکز نے کئی افسران کو جموں و کشمیر میں تعینات کیا ہے، جس سے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں نئی انتظامی قیادت شامل کی گئی ہے۔ جموں و کشمیر منتقل کیے جانے/8

## نظر بندی کے دعوے ڈرامہ بازی کے سوا کچھ بھی نہیں/ نائب وزیر اعلیٰ

### جتنے بھی وعدے کئے ہیں انہیں حرف بہ حرف پورا کیا جائے گا

سرینگر/ اے پی آئی/ متنازعہ ریزرویشن مسئلے کے خلاف احتجاج اور گھروں میں نظر بندی کو ڈرامہ بازی قرار دیتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کو کشمیر کی موجودہ صورتحال کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر میں مصائب و مشکلات سے باہر نکالنے اور عوام کو راحت پہنچانے کی بھرپور کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں میں منعقد کی گئی ایک تقریب کے حاشیے پر نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ریزرویشن کی فائل لیفٹیننٹ گورنر کے دفتر کو روانہ کرنے کے اپنے موقف کو دہراتے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی سرکار نے لوگوں کے ساتھ جتنے بھی وعدے کئے ہیں انہیں حرف بہ حرف پورا کیا جائے گا۔ تاہم اس ضمن میں جلد بازی کے بجائے صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ریزرویشن کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کابینہ سب کمیٹی نے جو رپورٹ سونپ دی تھی، کابینہ نے اُس کو منظور کرنے کے بعد اپرول کیلئے فائل جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر کے دفتر کو روانہ کر دی ہے جو ابھی تک وہاں ہی پڑی ہوئی ہیں۔ ممبر پارلیمنٹ/7

## بارہمولہ جنگل میں کمین گاہ تباہ

### محاصرہ کے بعد پولیس کارروائی

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق شمالی کشمیر بارہمولہ کے مضافاتی علاقے سنچلورہ رفیع آباد میں پولیس و فورسز کو کمین گاہ موجود ہونے کی مصدقہ اطلاع ملی تھی۔ جس کے بعد پولیس و فورسز نے علاقے کا محاصرہ کیا اور تلاشی کارروائی شروع کی جس کے دوران عسکریت پسندوں کی کمین گاہ ڈھونڈ نکالی گئی او رتلاشی کارروائی کے دوران پولیس و فورسز نے کمین گاہ سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرنے کا دعویٰ کیا۔ پولیس و فورسز کے مطابق اسلحہ اور گولہ بارود زنگ آلودہ تھا۔ بم ڈسپوزل اسکارڈ کو طلب کیا گیا جس نے اسلحہ و گولہ بارود کو ناکارہ بنا کر ایک بہت بڑے حادثے کو رونما ہونے سے ٹال دیا۔

## وینزویلا کے حالات پر ہندوستان کا اظہارِ تشویش، پرامن حل کی اپیل

### ہندوستانی شہریوں کو وینزویلا کے غیر ضروری سفر سے سختی سے منع کیا گیا

نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستان نے اتوار کے روز وینزویلا میں حالیہ واقعات پر ''گہری تشویش'' کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ جنوبی امریکی ملک میں ابھرتی ہوئی سکیورٹی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ وزارتِ خارجہ کی جانب سے جاری ایک بیان میں حکومت نے وینزویلا کے عوام کی سلامتی اور فلاح و بہبود کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا اور تمام فریقین سے اپیل کی کہ وہ خطے میں امن و استحکام کو برقرار رکھتے ہوئے مذاکرات کے ذریعے بحران کا پُرامن حل تلاش کریں۔ بیان میں یہ بھی یقین دہانی کرائی گئی کہ کاراکاس میں ہندوستانی سفارت خانہ وہاں مقیم ہندوستانی برادری سے مسلسل رابطے میں ہے اور اس نازک دور میں ہر ممکن مدد فراہم کرتا رہے گا۔ یہ اعلان وزارتِ خارجہ کی جانب سے ہفتہ کے روز جاری کردہ ایک ہنگامی سفری ایڈوائزری کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں ہندوستانی شہریوں کو وینزویلا کے غیر ضروری سفر سے سختی سے منع کیا گیا تھا۔ ایڈوائزری میں وینزویلا میں موجود ہندوستانیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ چوکس رہیں، عوامی اجتماعات سے گریز کریں، گھروں کے اندر رہیں اور اپنی حفاظت کے لیے مقامی/10

## ''ڈبل فون'' پروٹوکول کے حصے کے طور پر سیکورٹی ایجنسیوں سے بچنے کیلئے

### ملزم نے پاکستانی ہینڈلرز سے بات چیت کے لیے 'بھوت' سم کارڈز کا استعمال کیا/ حکام

سرینگر/ کے این ایس/ گزشتہ سال 10 نومبر کو دہلی کے لال قلعے کے قریب دھماکے سے منسلک "وائٹ کالر" دہشت گردی کے ماڈیول کی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹروں نے پاکستانی ہینڈلرز کے ساتھ ہم آہنگی کے لیے "بھوت" سم کارڈز اور انکرپٹڈ ایپس کا جدید ترین ویب استعمال کیا، حکام نے اتوار کو دعویٰ کیا۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مانٹرینگ ڈیسک کے مطابق تحقیقات کے نتائج نے بنیادی طور پر محکمہ ٹیلی کمیونیکیشن (DoT) کے لیے گزشتہ سال 28 نومبر کو ایک وسیع ہدایت جاری کرنے کی بنیاد بنائی، جس میں یہ حکم دیا گیا کہ ایپ پر مبنی مواصلاتی خدمات جیسے WhatsApp، ٹیلی گرام اور سگنل کو ڈیوائس کے اندر موجود ایک فعال، جسمانی سم کارڈ سے مسلسل منسلک ہونا چاہیے۔ حکام نے کہا کہ "وائٹ کالر" دہشت گردی کے ماڈیول اور دھماکے کی تحقیقات کے نتیجے میں گرفتار ڈاکٹروں بشمول مزمل گنائی، عدیل راتھر اور دیگر کے ذریعے "بھوت" سم کارڈز کا ایک جال استعمال کیا گیا، جو سیکورٹی ایجنسیوں سے بچنے کے لیے حکمت عملی کے "ڈبل فون" پروٹوکول کے حصے کے طور پر استعمال کر/11

## تقریباً 5 سو گرام ''چرس'' برآمد

### شوپیان میں موقعہ پر ایک شخص گرفتار

سرینگر/ یو این آئی/ منشیات فروشوں کے خلاف مہم کو جاری رکھتے جموں و کشمیر پولیس نے جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں میں ایک منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے چرس جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن شوپیاں کی ایک پارٹی نے نادی گام جنکشن پر ناکے کے دوران ایک شخص کو مشکوک حالت میں گھومتے ہوئے دیکھا اور اس کو دھر لیا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران اس کی تحویل سے 495 گرام چرس جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا گیا جس کے بعد اس کو موقع/12

# سرینگر ٹائمز

05 جنوری 2026ء بروز سوموار

## نشہ آور ادویات کا استعمال اور اس کا کاروبار
## حکام اور عوام کی مشترکہ کاروائی کی ضرورت

منشیات کے استعمال اور اس کے کاروبار سے پیدا شدہ صورتحال نے ایک تشویشناک صورتحال کو جنم دیا ہے۔نوجوان منشیات کی لت میں مبتلا ہو رہے ہیں اور اب یہ خطرناک چیز تعلیم یافتہ نوجوانوں کو اندر ہی اندر سے کھا رہی ہے۔سماج میں نشیلی ادویات کے پھیلاؤ نے اب واقعی ایک تباہ کن مستقبل کی طرف اشارہ کیا ہے اور اگر اس معاملہ میں ہنگامی سطح پر فوری طور موثر کاروائیاں عمل میں نہ لائی گئیں تو نتائج کافی بھیانک برآمد ہونے میں کوئی شک باقی نہیں رہے گا۔سرکاری سطح پر ڈرگ سمگلنگ کو روکنے کیلئے زبردست کوششیں ہو رہی ہیں۔کوئی دن نہیں گزرتا کہ جب کسی نہ کسی جگہ پر کسی نہ کسی ملزم کو پکڑ کر اس کی تحویل سے نشہ آور اشیاء برآمد ہونے کی اطلاعات نہ مل جائیں۔نشیلی ادویات کے کاروبار میں ملوث افراد کی سرگرمیوں سے نوجوانوں کی زندگیاں برباد ہو رہی ہیں۔پرسکون گھرانوں میں بے چینی اور بیقراری کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔ایک گھر کے صرف ایک شخص کے ڈرگس میں مبتلا ہونے کے نتیجہ میں سارے اہل خانہ ذہنی عذاب اور جسمانی تکالیف کا نشانہ بنتے ہیں۔بحیثیت مجموعی پورا خاندان اثر انداز ہوتا ہے۔ستم بالائے ستم یہ کہ سماج میں بدنامی ہوتی ہے اور بالآخر مقدمات میں پھنس کر ملزم سلاخوں کے پیچھے دکھائی دیتا ہے اور لواحقین اپنے ہی گھر میں قیدیوں سے بھی بدتر زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔سماج میں اس وقت کئی طرح کے لوگ ہیں کہ جو اس دھندے کو اپنا رہے ہیں۔ایک تو وہ جو ڈرگس کی سمگلنگ میں مصروف رہنا چاہتے ہیں تاکہ کم از کم وقت میں زیادہ سے زیادہ دولت کمائی جائے۔دوسرا طبقہ وہ ہے کہ جو اس جان لیوا دوائی کا خریدار ہے۔ان ہی خریداروں کی وجہ سے پہلے درجہ کے افراد خوب جائیدادیں بناتے ہیں اور عیش وعشرت کے سامان خریدتے ہیں۔بے چارے نوجوان نشے کی لت میں پڑ کر نہ صرف اپنی زندگی کو اپنے ہی ہاتھوں برباد کر رہے ہیں بلکہ اپنے والدین کے ساتھ دیگر رشتہ داروں کی زندگی بھی وبال بن بناتے ہیں۔اس میں شک نہیں کہ حکومت نے ڈرگ سمگلروں کے خلاف سخت قانون کے تحت کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔اب تو سمگلنگ کے ذریعہ زمین وجائیداد کے مالک سمگلروں کے مکان وغیرہ قرق کئے جاتے ہیں اس معاملہ میں ہر ضلع میں کاروائیاں ہو رہی ہیں۔اگر سمگلروں کے خلاف فیصلہ کن کاروائی کی جاسکے تو یہ نشیلی اور خونین چیز بازار میں نہیں مل سکتی اس کی عدم موجودگی کے سبب نوجوان تباہ وبرباد ہونے سے بچ سکتے ہیں۔وہ تعلیم کی طرف متوجہ ہو کر اپنے مستقبل کو شاندار بنا کر اہل خانہ کیلئے آمدنی کا ذریعہ بن سکتے ہیں لیکن افسوس اور تعجب تو اس بات پر ہے کہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔آج صورت نے سنگین رُخ اختیار کیا ہے۔حالات اس معاملہ میں سدھر نہیں رہے ہیں۔اسی تناظر میں ڈویژنل کمشنر کشمیر نے منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کو سنگین اور سب سے بڑا خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ شدت اختیار کر رہا ہے۔آپ نے کہا کہ نوجوان سکولوں میں ہوں یا کوچنگ سنٹروں میں یا کالجوں میں نشے میں پھنس رہے ہیں، خاص طور پر ہیروئن کا استعمال بڑھ رہا ہے۔آپ نے اجتماعی ذمہ داری کا مطالبہ کرتے ہوئے تمام سماجی مذہبی اور فلاحی اداروں پر زور دیا کہ وہ فعال طور پر اپنا کردار نبھائیں۔

ڈویژنل کمشنر کی طرف سے اس مانگ کو جائز ہی نہیں بلکہ قابل ستائش قرار دیا جاسکتا ہے۔یقیناً یہ سنگین مسئلہ حکومت کے ساتھ ساتھ سماج کے اہم کرداروں کی مشترکہ کاوشوں سے ہی حل کیا جاسکتا ہے۔نشے کی ادویات کی خرید وفروخت پر روک لگانے کیلئے البتہ سرکار پر زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے جبکہ والدین اساتذہ اور مذہبی رہنما اس لعنت سے دور رکھنے کیلئے بچوں خصوصاً نوجوانوں کو راہ راست پر لانے میں اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔

## موبائل فون یا لیپ ٹاپ پر جھکنے کے نقصانات

حیدر بشیر

انسانی جسم ایک متحرک نظام ہے جو حرکت کے ذریعے ہی صحت مند، مضبوط اور متوازن رہتا ہے۔ چلنا، جھکنا، مڑنا، اٹھنا بیٹھنا اور روزمرہ کے چھوٹے بڑے کام انجام دینا سب موبیلٹی (Mobility) ہی کے مرہونِ منت ہیں۔ بدقسمتی سے آج کے دور میں موبیلٹی کو اکثر اسٹریچنگ کے ساتھ خلط ملط کر دیا جاتا ہے، حالانکہ دونوں میں واضح فرق موجود ہے۔ اس غلط فہمی کے باعث لوگ ورزش تو کرتے ہیں، مگر مطلوبہ فائدہ حاصل نہیں کر پاتے، اور وقت کے ساتھ جسمانی مسائل میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔



موبیلٹی دراصل جوڑوں کی وہ صلاحیت ہے جس کے تحت وہ اپنے مکمل اور قدرتی دائرۂ حرکت میں آزادانہ طور پر حرکت کر سکیں۔ اس میں طاقت، کنٹرول، توازن اور ہم آہنگی سب شامل ہوتے ہیں۔ ایک ایسا انسان جو بظاہر لچکدار ہو لیکن چلتے وقت عدم توازن کا شکار ہو جائے، یا وزن اٹھاتے وقت اس کے جوڑ جواب دے جائیں، اس کی موبیلٹی کمزور سمجھی جائے گی۔ اس کے برعکس ایک موبائل جسم وہ ہوتا ہے جو نہ صرف حرکت کر سکتا ہے بلکہ اس حرکت پر مکمل کنٹرول بھی رکھتا ہے۔

دوسری جانب اسٹریچنگ کا مقصد پٹھوں کو کھینچ کر وقتی طور پر لچک پیدا کرنا ہوتا ہے۔ اسٹریچنگ اہم ضرور ہے، مگر یہ موبیلٹی کا صرف ایک جز ہے، مکمل حل نہیں۔ اسٹریچنگ سے پٹھے نرم ہو جاتے ہیں، خون کی روانی بہتر ہوتی ہے اور وقتی سختی کم ہو جاتی ہے، مگر اگر جوڑوں میں طاقت اور استحکام نہ ہو تو یہ لچک کسی کام کی نہیں رہتی۔ یہی وہ مقام ہے جہاں لوگ دھوکا کھا جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ روزانہ چند اسٹریچز کر لینے سے ان کی جسمانی صحت مکمل ہو گئی ہے۔

جدید طرزِ زندگی میں موبیلٹی کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ گھنٹوں کرسی پر بیٹھ کر کام کرنا، موبائل فون یا لیپ ٹاپ پر جھکے رہنا، جسمانی سرگرمی کی کمی اور بے قاعدہ نیند — یہ سب عوامل جوڑوں کی حرکت کو محدود کر دیتے ہیں۔ گردن، کندھوں، کمر اور کولہوں میں اکڑاؤ عام ہو چکا ہے۔ لوگ درد سے نجات کے لیے اسٹریچنگ تو کر لیتے ہیں، مگر جب تک موبیلٹی پر کام نہ کیا جائے، یہ درد بار بار لوٹ آتا ہے۔

موبیلٹی کا براہِ راست تعلق عمر سے بھی ہے۔ جیسے جیسے عمر بڑھتی ہے، اگر جسم کو صحیح انداز میں حرکت نہ دی جائے تو جوڑ سخت ہونے لگتے ہیں، توازن کمزور پڑ جاتا ہے اور گرنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ بزرگ افراد میں اکثر یہ مسئلہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وہ چل تو سکتے ہیں، مگر اچانک مڑنے، سیڑھیاں چڑھنے یا زمین سے کوئی چیز اٹھانے میں دشواری محسوس کرتے ہیں۔ یہ سب موبیلٹی کی کمی کی علامات ہیں، نہ کہ صرف لچک کی۔

کھلاڑیوں اور ورزش کرنے والوں کے لیے بھی موبیلٹی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ صرف مضبوط پٹھے کافی نہیں ہوتے، بلکہ ان پٹھوں کا جوڑوں کے ساتھ ہم آہنگ ہونا ضروری ہوتا ہے۔ ایک فٹبالر، کرکٹر یا دوڑنے والا اگر موبائل نہ ہو تو انجری کا خطرہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جدید اسپورٹس سائنس میں موبیلٹی ٹریننگ کو بنیادی حیثیت دی جا رہی ہے، جہاں کنٹرولڈ موومنٹس کے ذریعے جسم کو مضبوط اور محفوظ بنایا جاتا ہے۔

عام آدمی کے لیے موبیلٹی کا فائدہ یہ ہے کہ روزمرہ زندگی آسان ہو جاتی ہے۔ جھک کر جوتا پہننا، بچوں کو گود میں اٹھانا، بازار سے سامان لانا، یا زمین پر بیٹھ کر کھانا — یہ سب کام بغیر درد اور خوف کے ممکن ہو جاتے ہیں۔ ایک موبائل جسم تھکن کم محسوس کرتا ہے، خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے اور ذہنی دباؤ بھی کم ہو جاتا ہے، کیونکہ جسمانی بے آرامی اکثر ذہنی الجھنوں کو جنم دیتی ہے۔

یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ موبیلٹی کوئی ایک دن یا ایک ہفتے کا عمل نہیں، بلکہ یہ ایک مسلسل طرزِ زندگی ہے۔ اس میں آہستہ، قابو میں رہنے والی حرکات شامل ہوتی ہیں، جن کے ذریعے جوڑوں کو ان کی مکمل صلاحیت کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اسکواٹ کرنا، کندھوں کو گھمانا، ریڑھ کی ہڈی کو آہستہ آہستہ موڑنا — یہ سب موبیلٹی کی مشقیں ہیں، بشرطیکہ درست طریقے سے کی جائیں۔

بدقسمتی سے سوشل میڈیا اور شارٹ ویڈیوز نے اسٹریچنگ کو ایک جادوئی حل کے طور پر پیش کر دیا ہے۔ لوگ چند سیکنڈ کی ویڈیو دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ یہی مکمل ورزش ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اصل مسئلہ جوں کا توں رہتا ہے اور وقتی آرام کے بعد درد دوبارہ سر اٹھا لیتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ عوام کو موبیلٹی اور اسٹریچنگ کے فرق سے آگاہ کیا جائے، تاکہ وہ اپنی صحت کے حوالے سے درست فیصلے کر سکیں۔

موبیلٹی انسان کی آزادی کا نام ہے۔ یہ وہ صلاحیت ہے جو انسان کو خود مختار، فعال اور باوقار زندگی گزارنے کے قابل بناتی ہے۔ اسٹریچنگ اس راستے کا ایک حصہ ضرور ہے، مگر منزل نہیں۔ اگر ہم واقعی صحت مند اور متوازن زندگی چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی روزمرہ عادات میں موبیلٹی کو جگہ دینی ہوگی۔ یہی وہ شعور ہے جو آنے والی نسلوں کو جسمانی کمزوری کے بجائے طاقت اور خود اعتمادی کی طرف لے جا سکتا ہے۔

---

## تیز رفتار زندگی اور ذہنی تھکن

عاصم مجید

اکیسویں صدی کو رفتار کی صدی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ زندگی کے ہر شعبے میں تیزی، مقابلہ، دباؤ اور وقت کی کمی نے انسان کو اس قدر جکڑ لیا ہے کہ سانس لینا بھی ایک ذمہ داری محسوس ہونے لگا ہے۔ ٹیکنالوجی نے جہاں سہولتیں فراہم کی ہیں وہیں اس نے انسان سے سکون، ٹھہراؤ اور ذہنی آسودگی بھی چھین لی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج تیز رفتار زندگی کے نتیجے میں ذہنی تھکن ایک عام مگر خطرناک مسئلہ بنتی جا رہی ہے، جس کے اثرات فرد، خاندان اور معاشرے تینوں پر نمایاں طور پر مرتب ہو رہے ہیں۔

تیز رفتار زندگی دراصل ایک ایسا طرزِ حیات ہے جس میں انسان مسلسل دوڑ میں شامل رہتا ہے۔ دفتر کی ڈیڈ لائنز، کاروباری دباؤ، تعلیمی مقابلہ، سماجی توقعات، مالی مسائل اور ہر وقت "کچھ اور حاصل کرنے" کی خواہش انسان کو لمحہ بھر کا سکون بھی نصیب نہیں ہونے دیتی۔ صبح آنکھ کھلتے ہی موبائل اسکرین، رات کو سوتے وقت بھی نوٹیفکیشنز، پیغامات اور سوشل میڈیا کا شور ذہن کو مسلسل متحرک رکھتا ہے۔ اس مسلسل ذہنی سرگرمی کا نتیجہ ذہنی تھکن، اضطراب اور بے چینی کی صورت میں سامنے آتا ہے۔



ذہنی تھکن صرف تھکاوٹ کا نام نہیں بلکہ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جس میں انسان کا دماغ آرام کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتا ہے۔ اس میں توجہ کی کمی، چڑچڑاپن، یادداشت کی کمزوری، فیصلے کرنے میں دشواری اور جذباتی عدم توازن شامل ہیں۔ بسا اوقات انسان جسمانی طور پر بالکل صحت مند نظر آتا ہے مگر اندر سے شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہوتا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں ذہنی تھکن آہستہ آہستہ ڈپریشن، اینزائٹی اور دیگر نفسیاتی امراض کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔

تیز رفتار زندگی میں سب سے زیادہ متاثر ہونے والا طبقہ نوجوانوں کا ہے۔ تعلیمی میدان میں بڑھتا ہوا مقابلہ، نمبروں کی دوڑ، والدین اور معاشرے کی توقعات نوجوان ذہن پر ناقابلِ برداشت دباؤ ڈالتی ہیں۔ ہر طالب علم بہترین کارکردگی دکھانا چاہتا ہے، مگر اس کوشش میں وہ اپنی ذہنی صحت کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ نتیجتاً امتحانی دباؤ، ناکامی کا خوف اور مستقبل کی غیر یقینی صورتِ حال نوجوانوں کو ذہنی تھکن کی طرف دھکیل دیتی ہے۔

اسی طرح پیشہ ور افراد بھی تیز رفتار زندگی کے شدید اثرات کا شکار ہیں۔ لمبے کام کے اوقات، نوکری کا عدم تحفظ، مسلسل کارکردگی ثابت کرنے کا دباؤ اور کام اور ذاتی زندگی کے درمیان توازن کی کمی ذہنی تھکن کو جنم دیتی ہے۔ بہت سے لوگ کامیابی کے حصول میں اتنے مصروف ہو جاتے ہیں کہ وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ اصل کامیابی ذہنی سکون کے بغیر ادھوری ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بظاہر کامیاب افراد بھی اندر سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتے ہیں۔

خواتین کے لیے تیز رفتار زندگی کے تقاضے مزید پیچیدہ ہیں۔ گھر، بچوں، ملازمت اور سماجی ذمہ داریوں کا بوجھ ایک ہی وقت میں اٹھانا انہیں مسلسل ذہنی دباؤ میں مبتلا رکھتا ہے۔ معاشرے میں عورت سے ہر کردار میں کامل ہونے کی توقع کی جاتی ہے، جس کے نتیجے میں وہ اپنی تھکن، پریشانی اور ذہنی بوجھ کو اکثر نظر انداز کر دیتی ہے۔ یہی نظر انداز کی گئی تھکن آگے چل کر سنگین نفسیاتی مسائل کا سبب بنتی ہے۔

ذہنی تھکن کے اثرات صرف فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ خاندانی اور سماجی رشتوں کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ ذہنی طور پر تھکا ہوا انسان بات بات پر غصہ کرتا ہے، دوسروں کو سمجھنے کی صلاحیت کھو دیتا ہے اور تعلقات میں تلخی پیدا ہو جاتی ہے۔ والدین بچوں کو وقت نہیں دے پاتے، میاں بیوی کے درمیان فاصلے بڑھ جاتے ہیں اور یوں پورا معاشرہ ایک خاموش بے چینی میں مبتلا نظر آتا ہے۔

ٹیکنالوجی، جو انسانی زندگی کو آسان بنانے کے لیے متعارف کرائی گئی تھی، آج ذہنی تھکن کا ایک بڑا سبب بن چکی ہے۔ سوشل میڈیا پر دوسروں کی زندگیوں کا مسلسل موازنہ، ہر وقت آن لائن رہنے کا دباؤ اور معلومات کی بھرمار دماغ کو تھکا دیتی ہے۔ انسان اپنی حقیقی زندگی سے زیادہ ورچوئل دنیا میں جینے لگتا ہے، جہاں ہر چیز تیز، چمکدار اور غیر حقیقی ہوتی ہے۔ یہ کیفیت ذہنی سکون کو مزید کم کر دیتی ہے۔

ذہنی تھکن کی ایک خطرناک بات یہ ہے کہ اکثر لوگ اسے سنجیدگی سے نہیں لیتے۔ ہمارے معاشرے میں جسمانی بیماری کو تو فوراً توجہ مل جاتی ہے مگر ذہنی مسائل کو کمزوری سمجھا جاتا ہے۔ "یہ تو بس وہم ہے"، "تھوڑا مضبوط بنو"، "سب کے ساتھ ایسا ہوتا ہے" جیسے جملے ذہنی تھکن کے شکار فرد کو مزید تنہا کر دیتے ہیں۔ اس رویے کے باعث بہت سے لوگ بروقت مدد حاصل نہیں کر پاتے۔

تیز رفتار زندگی کے اس دور میں ذہنی تھکن سے نمٹنے کے لیے سب سے پہلے اس مسئلے کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔ انسان کو یہ سمجھنا ہوگا کہ آرام، سکون اور ذہنی صحت عیش نہیں بلکہ ضرورت ہیں۔ زندگی کی رفتار کو کبھی کبھی سست کرنا، خود کے لیے وقت نکالنا اور غیر ضروری دباؤ سے خود کو آزاد کرنا ذہنی صحت کے لیے بے حد اہم ہے۔

روزمرہ زندگی میں چند سادہ تبدیلیاں ذہنی تھکن کو کم کر سکتی ہیں۔ مناسب نیند، متوازن غذا اور باقاعدہ جسمانی سرگرمی ذہن کو تازگی بخشتی ہے۔ موبائل اور اسکرین ٹائم کو محدود کرنا، سوشل میڈیا سے وقفہ لینا اور فطرت کے قریب وقت گزارنا ذہنی سکون میں اضافہ کرتا ہے۔ اسی طرح اپنے جذبات کا اظہار، کسی قابلِ اعتماد شخص سے بات کرنا اور ضرورت پڑنے پر ماہرِ نفسیات سے رجوع کرنا کمزوری نہیں بلکہ سمجھداری کی علامت ہے۔

اداروں اور معاشرے کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ انسان کو مشین نہ سمجھیں۔ کام کی جگہوں پر ذہنی صحت کو اہمیت دینا، تعلیمی نظام میں طلبہ پر دباؤ کم کرنا اور خاندانی نظام میں ایک دوسرے کو سننے کا رواج پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایک صحت مند معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں انسان کی ذہنی کیفیت کو بھی اتنی ہی اہمیت دی جائے جتنی جسمانی صحت کو دی جاتی ہے۔

آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ تیز رفتار زندگی اگرچہ جدید دور کی حقیقت ہے، مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ انسان اپنی ذہنی صحت قربان کر دے۔ اصل کامیابی وہی ہے جس میں سکونِ قلب، ذہنی توازن اور زندگی سے اطمینان شامل ہو۔ اگر ہم نے بروقت اپنی زندگی کی رفتار پر قابو نہ پایا تو یہ تیزی ہمیں اندر سے کھوکھلا کر دے گی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم رکیں، سوچیں اور اپنی ذہنی صحت کو وہ مقام دیں جس کی وہ واقعی حقدار ہے۔

# خبر و نظر

## گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام کے نظارے

جموں وکشمیر کے عالمی شہرت یافتہ سیاحتی مقامات گلمرگ، پہلگام اور سونہ مرگ میں ان دنوں سیاحوں کا غیر معمولی رش دیکھنے کو مل رہا ہے۔ موسم سرما کے آغاز کے ساتھ ہی وادی کشمیر میں برفباری کی ہلکی جھلک نے ملک بھر سے آنے والے سیاحوں کو اپنی جانب کھینچ لیا ہے۔

سیاحتی محکمہ کے مطابق نئے سال کے آغاز سے اب تک کشمیر میں آنے والے سیاحوں کی تعداد گزشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔ گلمرگ کے گھوڑا ٹریک، کنگڈوری گونڈولہ پوائنٹ، پہلگام اور سونہ مرگ کے تھجیواس گلیشیر پر سیاحوں کا غیر معمولی ہجوم مسلسل دیکھنے میں آ رہا ہے۔ ہوٹلوں کی زیادہ تر بکنگ مکمل ہو چکی ہے۔ گلمرگ میں اگرچہ بڑے پیمانے پر برفباری تاحال نہیں ہوئی ہے، تاہم پہاڑی ڈھلوانوں پر برف کی موجودگی اور یخ بستہ موسم نے سیاحوں کو خوب متوجہ کیا ہے۔

گلمرگ میں گنڈولہ کی قطاریں کئی گھنٹوں تک لمبی دیکھی گئیں، جبکہ اسکیئنگ کے شوقین سیاح برف کے ٹریک پر تجربے کر رہے ہیں۔ نئی دہلی سے آئے ایک سیاح روی شرما نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا، 'ہم نے سوچا تھا شاید ابھی زیادہ برف نہیں ہوگی، مگر گلمرگ کا ماحول اتنا خوبصورت اور سردیوں جیسا ہے کہ ہم بے حد لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ یہاں کی گونڈولہ رائیڈ دنیا میں اپنی مثال آپ ہے۔'

ایک اور سیاح حنان فاطمہ، جو ممبئی سے اپنے خاندان کے ساتھ آئی ہیں، نے بتایا، 'گلمرگ آ کر ایسا لگتا ہے جیسے ہم کسی یورپی ملک میں ہوں۔ صاف ستھری ہوا، دلکش نظارے اور مقامی لوگوں کی مہمان نوازی نے ہمارا دل جیت لیا ہے۔' گلمرگ کے ایک ہوٹل مالک محمد اشرف کا کہنا ہے کہ اس سال سیاحتی رش غیر معمولی ہے۔ 'سال نو کی تقریبات نے گلمرگ کو بھر دیا۔ ہمارے کمرے ایک ماہ پہلے ہی بک ہو گئے تھے۔ اگر اسی رفتار سے سیاح آتے رہے تو اس برس کا سیزن گزشتہ دس برسوں کا ریکارڈ توڑے گا۔' پہلگام کو جہاں صدیوں سے 'وادی شہنشاہان' کہا جاتا ہے، وہیں سردیوں میں اس کا حسن دوچند ہو جاتا ہے۔ گزشتہ چند روز میں پہلگام کے آرو اور بیتاب ویلی میں سیاحوں کا ایسا رش دیکھنے میں آیا ہے جو عام طور پر گرمیوں میں دیکھا جاتا ہے۔ لکھنؤ سے آئے ایک سیاح روحیل خان نے کہا، 'ہم پہلی بار کشمیر آئے ہیں۔

پہلگام کی خاموشی، دریائے لدر کی موسیقی اور پہاڑوں کی شان نے ہمیں مسحور کر دیا ہے۔ گرمیوں میں آنے والوں کو پتہ نہیں کہ سردیوں میں پہلگام کتنا جادوئی لگتا ہے۔' پہلگام کے گھوڑابانوں نے بھی اس رش سے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ مقامی گھوڑابان عبدالغفور نے بتایا، 'یہ سیزن ہمارے لیے امید کی نئی روشنی لے کر آیا ہے۔ روزگار بہتر ہو رہا ہے، اور خدا کرے کہ یہ رش ایسے ہی جاری رہے۔' سونہ مرگ، جسے 'سنہری چراگاہ' بھی کہا جاتا ہے، ان دنوں اپنی دلکش وادیوں اور برفیلی چوٹیوں کی وجہ سے سیاحوں کی پہلی پسند بن چکا ہے۔ اگرچہ موسم کی سختی کے باعث سونہ مرگ عام طور پر سردیوں کے مہینوں میں محدود طور پر ہی کھلتا ہے، لیکن اس سال مناسب موسم اور بہتر سڑک سہولیات کی وجہ سے سیاحوں کو یہاں تک پہنچنے میں آسانی ہو رہی ہے۔ تھجیواس گلیشیر پر سیاحوں کے گروپ برف کے مجسمے بناتے، سنو سلیجنگ کرتے اور موبائل کیمروں میں یادگار لمحات قید کرتے نظر آ رہے ہیں۔ پنجاب سے آئے ایک سیاح امیت چاولہ نے بتایا، 'سونہ مرگ تو جیسے کسی فلم کا لوکیشن لگتا ہے۔ ہم نے اتنی خوبصورتی کہیں اور نہیں دیکھی۔ برف، گلیشیر، سنہری روشنی — سب کچھ جادوئی ہے۔'

سونہ مرگ میں مقامی دکاندار شبیر احمد کا کہنا تھا کہ اس سال کاروبار بہت بہتر ہے۔ دسمبر میں عام طور پر وادی سنسان ہو جاتی تھی، مگر اس بار ہوٹل بھرے ہیں، گیسٹ ہاؤس بھرے ہیں، اور روزگار میں برکت آئی ہے۔ سیاحت سے وابستہ ماہرین کا کہنا ہے کہ کشمیر میں سردیوں کے دوران اس قدر رش کا ہونا ریاستی معیشت کے لیے نہایت اہم ہے۔ ہوٹل انڈسٹری، ٹرانسپورٹ، دستکاری، کھانے پینے سے جڑے ہزاروں لوگوں کی روزی روٹی کا دارومدار اسی سیزن پر ہوتا ہے۔

محکمہ سیاحت کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا، 'ہم نے کئی نئے ونٹر فیسٹیولز متعارف کرائے ہیں۔ ساتھ ہی سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے ذریعے کشمیر کے نئے برانڈ امیج نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ اگر یہ رفتار جاری رہی تو اس سال سیاحت تمام سابقہ ریکارڈ توڑ سکتی ہے۔' سیاحوں کے بڑھتے قدموں سے مقامی لوگوں میں بھی خوشی کی لہر ہے۔ سری نگر کے ایک کاروباری لطیف شاہ کا کہنا تھا کہ سیاحوں کا آنا کشمیر کے امن، خوشحالی اور استحکام کی علامت ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ دنیا کشمیر کو اس کی خوبصورتی، ثقافت اور مہمان نوازی کے لیے جانے، نہ کہ ماضی کی منفی خبروں کے لیے۔ انتظامیہ نے موسم سرما کے دوران سڑکوں کی برف ہٹانے، ٹریفک کنٹرول، ریسکیو ٹیموں اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے خصوصی پلان بنایا ہے۔ ہائی وے پر ٹریفک پولیس کی اضافی نفری تعینات کی گئی ہے تاکہ سیاح محفوظ طریقے سے اپنے مقامات تک پہنچ سکیں۔

ایک سینئر افسر نے بتایا، 'ہم نے گلمرگ، پہلگام اور سونہ مرگ میں خصوصی کنٹرول روم قائم کیے ہیں۔ موسم کی صورتحال، ٹریفک کی نقل وحرکت اور ہوٹلنگ کی سہولیات پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے۔' موسم سرما میں سیاحوں کا ایسا غیر معمولی رش برسوں بعد دیکھا جا رہا ہے، جس نے کشمیر کی سردیوں کی دلکشی کو ایک بار پھر ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کے سامنے نمایاں کر دیا ہے۔

گلمرگ، پہلگام اور سونہ مرگ اس وقت برفیلی وادیوں، سنہرے پہاڑوں اور نیلی فضاؤں کے ساتھ سیاحوں کا دل موہ رہے ہیں۔ کشمیر کی فضاؤں میں گونجتے سیاحوں کے قہقہے، گلیشیر پر چلتی برف گاڑیاں، اور پہاڑی مناظر کو کیمروں میں قید کرتا ہجوم اس بات کا ثبوت ہے کہ وادی اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ سردیوں کے سیزن کا خیر مقدم کر رہی ہے — اور تھمتی نہیں، بلکہ بڑھتی ہوئی سیاحتی سرگرمیاں کشمیر کے بہتر مستقبل کی نوید دے رہی ہیں۔ (یو این آئی)

# سپورٹس ٹائمز

## آسٹریلیائی وزیر اعظم کا عثمان خواجہ کو شاندار خراجِ تحسین، ریٹائرمنٹ کے فیصلے کو سراہا



سڈنی،4 جنوری (یو این آئی) آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے تجربہ کار اوپننگ بلے باز عثمان خواجہ کو ان کے شاندار بین الاقوامی کیریئر پر مبارکباد پیش کی ہے۔ یہ پیغام عثمان خواجہ کی جانب سے انگلینڈ کے خلاف سڈنی کرکٹ گراؤنڈ (SCG) مس پانچویں اور آخری ایشیز ٹیسٹ سے قبل ریٹائرمنٹ کے باقاعدہ اعلان کے بعد سامنے آیا ہے۔ وزیر اعظم انتھونی البانیز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر عثمان خواجہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے لکھ، "عثمان! میدان کے اندر آسٹریلیا کے لیے آپ کی خدمات اور میدان سے باہر آسٹریلوی عوام کے لیے آپ کی اہمیت پر آپ کا شکریہ۔ آپ کو اپنے ریکارڈ، اپنی وراثت اور آنے والی نسلوں کے لیے قائم کردہ مثالوں پر فخر ہونا چاہیے۔ 39 سالہ عثمان خواجہ کا شمار جدید دور کے سب سے قابلِ اعتماد آسٹریلوی بلے بازوں میں ہوتا ہے۔ ان کے کیریئر کے اہم اعداد و شمار درج ذیل ہیں: ٹیسٹ کرکٹ: 87 میچز میں 43.39 کی اوسط سے 6,206 رنز بنائے۔ جس میں 16 سنچریاں اور 28 نصف سنچریاں شامل ہیں۔ وہ 2022 کے دورہ پاکستان میں آسٹریلیا کے سب سے کامیاب بیٹر رہے، جہاں انہوں نے کراچی ٹیسٹ میں یادگار ڈبل سنچری اسکور کی ۔



## ایشیز سیریز: روٹ اور بروک کی جوڑی کا پلٹ وار

سڈنی،4 جنوری (یو این آئی) سڈنی ٹیسٹ کا پہلا روز نشیب و فراز سے بھرپور رہا۔ کھیل کے اختتام تک انگلینڈ نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 211 رنز بنا لیے تھے، تاہم بارش اور خراب موسم کے باعث کھیل مقررہ وقت سے پہلے ختم کر دیا گیا۔ آسٹریلیائی بولرز نے پہلے سیشن میں انگلش بیٹنگ لائن کو لڑکھڑا دیا تھا، لیکن سینیئر بیٹر جو روٹ اور نوجوان اسٹار ہیری بروک نے آسٹریلیائی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ دونوں بلے بازوں نے چوتھی وکٹ کے لیے 154 رنز جوڑ کر ثابت کیا کہ میلبرن ٹیسٹ کی جیت کے بعد انگلینڈ کے حوصلے بلند ہیں۔ انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا جو آغاز میں درست ثابت نہ ہوا اور محض 57 رنز پر تین ٹاپ آرڈر بلے باز پویلین لوٹ گئے۔ بین ڈکٹ 27، زیک کرالی 16 اور جیکب بیتھل 10 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ اس نازک صورتحال میں جو روٹ (72) اور ہیری بروک (78) نے 154 رنز کی ناقابلِ شکست شراکت قائم کر کے ٹیم کو بحران سے نکال لیا۔ آسٹریلیا کی جانب سے مچل اسٹارک، مائیکل نیسر اور اسکاٹ بولینڈ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ بارش نے اگرچہ پہلے دن کے کھیل میں خلل ڈالا اور چائے کا وقفہ وقت سے پہلے کرنا پڑا، لیکن جو روٹ اور بروک کی کریز پر موجودگی دوسرے روز آسٹریلیا کے لیے بڑا خطرہ بن سکتی ہے۔ آسٹریلیا سیریز پہلے ہی 3-1 سے جیت چکا ہے، مگر انگلینڈ اس آخری میچ کو جیت کر سیریز کا اختتام باوقار طریقے سے کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ روٹ اور بروک کی متوازن اور محتاط بیٹنگ کے ساتھ ساتھ سڈنی کے غیر یقینی موسم کو دیکھتے ہوئے یہ اندازہ لگایا جارہا ہے کہ یہ ٹیسٹ، پرتھ اور میلبورن کے دو روزہ مقابلوں کے برعکس، خاصا طویل ثابت ہو سکتا ہے۔ ایس سی جی کے کیوریٹر ایڈم لیوس پر خاصا دباؤ تھا، خاص طور پر اس کے بعد کہ باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے بعد ایم سی جی کے کیوریٹر میٹ پیج کو سخت عوامی تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ لیوس نے پچ پر صرف 5 ملی میٹر گھاس چھوڑی، جو ایم سی جی کی متنازع گھاس والی پچ سے آدھی تھی۔ ایسا لگتا ہے کہ لیوس تنقید سے بچ نکلے ہیں، جبکہ توجہ آسٹریلیا کے سلیکٹرز پر مرکوز ہو گئی ہے جنہوں نے آف اسپنر ٹوڈ مرفی کو شامل نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ سیم بولنگ آل راؤنڈر بیو ویبسٹر کو جھائے رچرڈسن کی جگہ ٹیم میں لایا گیا، جس کے نتیجے میں آسٹریلیا 1888 کے بعد پہلی بار ایس سی جی میں کسی ماہر اسپنر کے بغیر میدان میں اترا۔ حالیہ برسوں میں ایس سی جی کی خصوصیات میں واضح تبدیلی آئی ہے اور یہ گراؤنڈ اب اپنی روایتی اسپن دوست شناخت سے دور ہوتا جارہا ہے۔ دوپہر کے سیشن تک روٹ اور بروک مکمل کنٹرول میں تھے اور ایسے میں کپتان اسٹیون اسمتھ شاید کسی اسپنر کی کمی شدت سے محسوس کر رہے تھے، کیونکہ آسٹریلوی اٹیک میں تنوع نظر نہیں آرہا تھا۔ تیز گیند بازوں کی تین رکنی جوڑی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی، مگر آل راؤنڈر کیمرون گرین، جن کی ٹیم میں جگہ پر سوالیہ نشان لگا ہوا تھا، درست لینتھ تلاش کرنے میں ناکام رہے اور آٹھ اوورز میں 57 رنز دے کر کوئی وکٹ حاصل نہ کر سکے۔ بروک عام طور پر جارحانہ انداز کے لیے جانے جاتے ہیں، مگر اس دن وہ خاصے محتاط نظر آئے۔ البتہ جب گرین نے شارٹ بال حکمتِ عملی اپنائی تو بروک نے جوابی حملہ کیا۔ دوسری جانب روٹ نے اپنے مخصوص انداز میں آف سائیڈ پر اسکوائر کے پیچھے خوبصورت شاٹس کھیلتے ہوئے رنز بٹورے۔ انگلینڈ یقیناً یہ خواہش رکھتا ہو گا کہ اس کے دو اہم بلے باز اس طرح کی شراکت پہلے ہی سیریز میں قائم کر پاتے، تاہم سیاح ٹیم نے مسلسل دوسری تسلی بخش فتح کی کوشش کا آغاز مثبت انداز میں کیا ہے۔ صبح کے وقت موسم دھوپ بھرا اور حبس زدہ تھا، جو آنے والے خراب موسم کے خدشات کے مقابلے میں کسی حد تک اطمینان بخش تھا۔ ٹاس جیتنے کے بعد کپتان بین اسٹوکس نے ایک بار پھر بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ یہ فیصلہ کچھ حد تک حیران کن تھا کیونکہ اس دورے سے قبل وہ اکثر پہلے بولنگ کے حق میں رہے تھے اور یہی حکمتِ عملی میلبورن میں انگلینڈ کی فتح کا سبب بنی تھی۔

## انگلش پریمیئر لیگ: آرسنل کی برتری مزید واضح

### آسٹن ولا کی فتوحات کا سلسلہ برقرار

لندن،4 جنوری (یو این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کے اہم مقابلے میں آرسنل نے برن ماؤتھ کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 3-2 سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل پر 6 پوائنٹس کی برتری حاصل کر لی ہے۔ اس جیت کے ہیرو انگلش مڈ فیلڈر ڈیکلن رائس رہے جنہوں نے دوسرے ہاف میں دو شاندار گول اسکور کیے۔ میچ کے 10 ویں منٹ میں آرسنل کے ڈیفنڈر گیبریل کی غلطی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایوانلسن نے برن ماؤتھ کو برتری دلائی۔ تاہم، گیبریل نے اپنی غلطی کا ازالہ کرتے ہوئے صرف 6 منٹ بعد ہی گول کر کے مقابلہ برابر کر دیا۔ دوسرے ہاف میں ڈیکلن رائس نے 54 ویں اور 71 ویں منٹ میں مارٹن اوڈیگارڈ اور بوکایو ساکا کے پاسز پر دو خوبصورت گول کر کے آرسنل کی جیت یقینی بنائی۔ برن ماؤتھ کے جونیئر کروپی نے 76 ویں منٹ میں گول کر کے امید جگائی لیکن وہ برابری حاصل نہ کر سکے۔ آسٹن ولا نے گزشتہ ہفتے آرسنل کے ہاتھوں شکست کا غصہ ناٹنگھم فارسٹ پر نکالا اور 3-1 سے کامیابی حاصل کی۔



یہ آسٹن ولا کی گزشتہ 13 میچوں میں 12 ویں فتح ہے۔ اولے واٹکنز نے ہاف ٹائم سے ذرا قبل پہلا گول کیا جبکہ جان میک گن نے دو گول کر کے ٹیم کی برتری کو مستحکم کر دیا۔ برائٹن نے برنلے کو 2-0 سے ہرا کر یورپین مقابلوں کی دوڑ میں اپنی پوزیشن برقرار رکھی۔ اس شکست نے برنلے کے لیے ریلیگیشن (لیگ سے باہر ہونے) کے خطرات بڑھا دیے ہیں۔ وولور ہیمپٹن وانڈررز (Wolves) نے سیزن کی اپنی پہلی کامیابی ویسٹ ہیم کے خلاف حاصل کی۔ وولوز نے پہلے ہاف میں ہی 3-0 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی تھی۔ دوسری جانب ویسٹ ہیم کی ٹیم 600 سے زائد پاسز کے باوجود کوئی بڑا موقع بنانے میں ناکام رہی۔

## ایشین گیمز 2026 ہندوستانی ایتھلیٹس کے لیے کڑی آزمائش

### کوالیفائنگ معیار 'قومی ریکارڈز' سے بھی بلند

نئی دہلی،4 جنوری (یو این آئی) ایتھلیٹکس فیڈریشن آف انڈیا (AFI) نے جاپان کے شہر ناگویا میں شیڈول ایشین گیمز 2026 کے لیے کوالیفائنگ کے نئے اور انتہائی سخت معیارات مقرر کر دیے ہیں۔ فیڈریشن کے اس فیصلے کے بعد ہندوستانی ایتھلیٹس کے لیے ایونٹ میں جگہ بنانا اب ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ مشکل ہو گیا ہے، کیونکہ کئی



کھیلوں میں کوالیفائنگ مارک موجودہ قومی ریکارڈز سے بھی اوپر رکھا گیا ہے۔ نئے قوانین کے مطابق، اگر کسی کھلاڑی کو ایشین گیمز کا ٹکٹ حاصل کرنا ہے، تو اسے نہ صرف بہترین کارکردگی دکھانی ہو گی بلکہ نیا قومی ریکارڈ بھی قائم کرنا ہو گا۔ 100 میٹر دوڑ (مرد): موجودہ قومی ریکارڈ 10.18 سیکنڈ ہے، جبکہ کوالیفائی کرنے کے لیے اب 10.16 سیکنڈ کا ہدف عبور کرنا ہو گا۔ پول والٹ (مرد): دیو مینا کا قومی ریکارڈ 5.40 میٹر ہے، لیکن ایشین گیمز کے لیے نیا معیار 5.45 میٹر مقرر کیا گیا ہے۔ خواتین کی میراتھن: یہاں چیلنج سب سے بڑا ہے۔ قومی ریکارڈ 2:34:43 سیکنڈ ہے، جبکہ کوالیفائنگ کے لیے 2:31:52 سیکنڈ کا وقت مقرر کیا گیا ہے، جو کہ ریکارڈ سے تقریباً تین منٹ کم ہے۔ نیزہ بازی (Javelin Throw): مردوں کے زمرے میں کوالیفائنگ کا نیا معیار 77.87 میٹر رکھا گیا ہے۔ فیڈریشن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ایشین گیمز میں صرف وہی کھلاڑی ملک کی نمائندگی کریں جو تمغہ جیتنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہوں۔ 2023 کے ہانگژو ایشین گیمز کے مقابلے میں اس بار کے اہداف کہیں زیادہ بلند رکھے گئے ہیں تاکہ بھارتی دستہ عالمی سطح پر اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنا سکے۔ ایشین گیمز 2026 کا انعقاد 19 ستمبر سے 4 اکتوبر 2026 تک جاپان کے صوبے ایچی (ناگویا) میں ہو گا۔

## لٹن داس بنگلہ دیش کے کپتان مقرر، 15 رکنی ٹیم کا اعلان

ڈھاکہ،4 جنوری (یو این آئی) آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے لیے بنگلہ دیش نے اپنے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ اسٹار اوپنر لٹن کمار داس ہندوستان اور سری لنکا میں فروری اور مارچ میں ہونے والے اس میگا ایونٹ میں ٹیم کی قیادت کریں گے۔ بنگلہ دیش اب تک ہونے والے تمام ٹی 20 ورلڈ کپ مقابلوں کا حصہ رہا ہے، لیکن وہ کبھی سیمی فائنل تک رسائی حاصل نہیں کر سکا۔ اس بار بنگلہ دیشی سلیکٹرز نے ایک متوازن ٹیم میدان میں اتاری ہے: ٹیم کا سب سے مضبوط پہلو ان کا بولنگ اٹیک ہے جس کی قیادت مستفیض الرحمان اور تسکین احمد کریں گے۔ اسپن بولنگ میں مہدی حسن، نسیم احمد اور رشاد حسین ہندوستانی اور سری لنکن پچوں پر حریف ٹیموں کے لیے بڑا خطرہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ بیٹنگ کی ذمہ داری کپتان لٹن داس، تنزید حسن اور پرویز حسین ایمون کے کندھوں پر ہو گی۔ بنگلہ دیش کو ایک مشکل گروپ میں رکھا گیا ہے جہاں ان کا مقابلہ انگلینڈ، ویسٹ انڈیز، نیپال اور اٹلی سے ہو گا۔ ٹی 20 ورلڈ کپ کے لیے بنگلہ دیش کا مکمل اسکواڈ: لٹن کمار داس (کپتان)، تنزید حسن، محمد پرویز حسین ایمون، محمد سیف حسن، توحید ہردوئے، شمیم حسین، قاضی نور الحسن سوہن، شاک مہدی حسن، رشاد حسین، نسوم احمد، مستفیض الرحمان، تنزیم حسن ثاقب، تسکین احمد، سیف الدین اور شریف الاسلام۔



## خواتین ہاکی انڈیا لیگ: شراچی بنگال ٹائیگرز کی رانچی رائلز پر فتح




رانچی،4 جنوری (یو این آئی) رانچی کے مرانگ گومکے جے پال سنگھ ایسٹرو ٹرف ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں شراچی بنگال ٹائیگرز نے مضبوط دفاع اور نظم و ضبط کی بدولت میزبان ٹیم کو 1-0 سے ہرا کر اہم کامیابی حاصل کی۔ میچ کا واحد اور فیصلہ کن گول اگسٹینا گوجیلانی نے 37 ویں منٹ میں پنالٹی کارنر کے ذریعے اسکور کیا۔ یہ اس سیزن میں ان کا چوتھا گول ہے۔ میچ کے پہلے ہاف میں رانچی رائلز نے کھیل پر گرفت مضبوط رکھی اور انہیں 5 پنالٹی کارنر ملے، لیکن بنگال ٹائیگرز کی گول کیپر جینیفر ریز و دیوار بن کر کھڑی رہیں اور رانچی کو گول کرنے کا کوئی موقع نہ دیا۔ رانچی رائلز نے آخری کوارٹر میں واپسی کے لیے بھرپور حملے کیے اور انہیں 5 پنالٹی کارنر اور 7 سرکل پینیٹریشن بھی ملے، لیکن بنگال ٹائیگرز کے دفاعی کھلاڑیوں نے تمام حملے ناکام بنا دیے۔ رانچی کی گول کیپر مادھوری کنڈو نے بھی کئی شاندار بچاؤ کیے، لیکن اگسٹینا کا پنالٹی کارنر میچ کا رخ موڑنے میں کامیاب رہا۔ اس جیت کے بعد شراچی بنگال ٹائیگرز نے 3 اہم پوائنٹس حاصل کیے ہیں اور اب وہ پوائنٹس ٹیبل پر دوسرے نمبر پر آ گئی ہے۔ دوسری جانب ہوم گراؤنڈ پر رانچی رائلز کے لیے یہ ایک بڑا دھچکا ثابت ہوا۔

## پرو ریسلنگ لیگ نیلامی کا اختتام

### 63 پہلوانوں پر 11 کروڑ کی برسات، یوئی سوساکی نے تاریخ رقم کر دی

نئی دہلی،4 جنوری (یو این آئی) ہندوستانی کشتی فیڈریشن (WFI) سے تسلیم شدہ پرو ریسلنگ لیگ 2026 کے پانچویں سیزن کی نیلامی ریکارڈ ساز بولیوں کے ساتھ مکمل ہو گئی۔ انفرادی بولیوں نے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیے۔ حتمی ہتھوڑا گرانے کے بعد، چھ فرنچائز نے مجموعی طور پر 63 ملکی اور غیر ملکی پہلوانوں کو اپنے ساتھ جوڑا۔ ہفتے کی شام ہونے والی اس نیلامی میں چھ فرنچائزز نے ملکی اور غیر ملکی پہلوانوں پر مجموعی طور پر 11 کروڑ روپے سے زائد کی رقم خرچ کی۔



تاریخ کی مہنگی ترین کھلاڑی جاپان کی لیجنڈری پہلوان اور دو بار کی اولمپک میڈلسٹ یوئی سوساکی رہیں جنہیں ہریانہ تھنڈرز نے 60 لاکھ روپے میں خرید کر لیگ کی تاریخ کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ یہ PWL کی تاریخ کی اب تک سب سے بڑی بولی ہے۔ ہریانہ نے اس بولی میں ممبئی دنگلز اور ٹائیگرز آف ممبئی کو پیچھے چھوڑتے ہوئے یہ کامیابی حاصل کی۔ پولینڈ کے سپر ہیوی ویٹ پہلوان رابرٹ بارن مردوں کی کیٹیگری میں سب سے مہنگے کھلاڑی ثابت ہوئے، جنہیں مہاراشٹرا کیسری نے 55 لاکھ روپے میں حاصل کیا۔ انتم پنگھال ہندوستان سب سے مہنگی کھلاڑی رہیں، اس نوجوان اسٹار کو یوپی ڈومینیٹرز نے 52 لاکھ روپے میں خریدا۔ انڈر 23 ورلڈ چیمپیئن سجیت کلکل کو دہلی دنگل واریئرز نے 52 لاکھ روپے میں اپنی ٹیم میں شامل کیا۔ پیرس اولمپک کے کانسی کا تمغہ جیتنے والے پہلوان امن سہراوت کو ٹائیگرز آف ممبئی دنگل نے 51 لاکھ روپے میں سائن کیا۔ اس نیلامی کے بعد مجموعی طور پر 16 ممالک (بشمول جاپان، ایران اور امریکہ) کے پہلوانوں کی شرکت یقینی ہو گئی ہے۔ یوپی ڈومینیٹرز نے اپنے 2 کروڑ کے بجٹ میں سے سب سے زیادہ 1.94 کروڑ روپے خرچ کیے۔ دہلی دنگل واریئرز کے پاس نیلامی کے اختتام پر سب سے زیادہ 22 لاکھ روپے بچ گئے۔ نیلامی کے عمل میں 250 سے زیادہ پہلوان فہرست میں شامل تھے۔ نیلامی کے بعد، جاپان، ایران اور امریکہ جیسے کھیل کی طاقتوں سمیت کل 16 ممالک کا نمائندگی PWL 2026 میں یقینی ہو گئی ہے۔ یہ لیگ 15 جنوری سے 2 فروری 2026 کے درمیان منعقد ہو گی۔ منتخب پہلوانوں میں اولمپک اور عالمی چیمپیئن، اولمپک اور عالمی چیمپیئن شپ میڈل یافتہ، براعظمی چیمپیئن اور بیچ ریسلنگ چیمپیئن شامل ہیں۔ ہندوستانی کشتی فیڈریشن کے صدر سنجے سنگھ نے نیلامی کی کامیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کے بہترین پہلوانوں کا انتخاب کیا گیا ہے اور یہ لیگ مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کرے گی۔

# 2036 اولمپکس کی میزبانی کے لیے ہندوستان پوری طرح تیار / وزیرِ اعظم کا اعلان



وارانسی ،4 جنوری (یو این آئی ) وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اتوار کے روز ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے وارانسی میں جاری 72 ویں نیشنل والی بال چیمپئن شپ کا افتتاح کرتے ہوئے ملک کے کھیلوں کے مستقبل کے حوالے سے اہم اعلانات کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہندوستان اب کھیلوں کی دنیا میں صرف ایک شرکت کنندہ نہیں بلکہ ایک عالمی میزبان کے طور پر ابھر رہا ہے۔ وزیرِ اعظم نے اپنے خطاب میں دو بڑے بین الاقوامی اہداف کا ذکر کیا۔ انہوں نے تصدیق کی کہ 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیل ہندوستان میں منعقد کیے جائیں گے۔ ہندوستان پوری مضبوطی کے ساتھ 2036 کے اولمپک کھیلوں کی میزبانی کے لیے کوششیں کر رہا ہے تاکہ مقامی کھلاڑیوں کو عالمی سطح کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ ہندوستان کا موجودہ اسپورٹس ماڈل اب "کھلاڑی مرکز" (Player–Centric) بن چکا ہے: ٹیلنٹ کی شناخت، سائنسی تربیت، غذائیت اور شفاف سلیکشن پر توجہ مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی او پی (TOP) جیسی پہل ہندوستان میں کھیلوں کے منظر نامے کو تبدیل کر رہی ہیں، جن کے تحت مضبوط بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے، مالی معاونت کے نظام کو فروغ دینے اور نوجوان کھلاڑیوں کو عالمی سطح پر شناخت دلانے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ حکومت نے 'نیشنل اسپورٹس گورننس ایکٹ' اور 'کھیلو انڈیا پالیسی 2025' جیسے بڑے اقدامات کیے ہیں تاکہ کھیلوں کی تنظیموں میں شفافیت بڑھے۔ سگرا اسٹیڈیم جیسی جدید سہولیات کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ ملک بھر میں جدید کھیلوں کے کمپلیکس تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ہندوستان نے ملک کے مختلف شہروں میں 20 سے زائد بڑے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلوں کی میزبانی کی ہے، جن میں فیفا انڈر 17– ورلڈ کپ، ہاکی ورلڈ کپ اور اہم شطرنج ٹورنامنٹس شامل ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیل ہندوستان میں ہوں گے اور ملک 2036 اولمپکس کی میزبانی کے لیے بھی سرگرم ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ جدید کھیل سہولیات کو فروغ دیا جا رہا ہے اور مختلف کھیلوں کے لیے اسٹیڈیم تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نئے کھیل کمپلیکس قریبی اضلاع کے کھلاڑیوں کو تربیت کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سگرا اسٹیڈیم، جہاں یہ مقابلے منعقد ہو رہے ہیں، اب جدید سہولیات سے لیس ہے۔ والی بال کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مودی جی نے کہا، والی بال محض ایک کھیل نہیں، بلکہ یہ توازن اور تعاون کا درس دیتا ہے۔ یہ کھیل 'ٹیم فرسٹ' (پہلے ٹیم) کے جذبے کو ابھارتا ہے، جہاں ہر کھلاڑی اپنی انفرادی مہارت کو ٹیم کی جیت کے لیے قربان کر دیتا ہے۔

## خواتین ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کوالیفائر میزبان نیپال نے 15 رکنی ٹیم کا اعلان کیا



کاٹھمنڈو،4 جنوری (یو این آئی) نیپال نے 14 جنوری سے یکم فروری 2026 تک ہونے والے آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ گلوبل کوالیفائر کے لیے اپنی ٹیم فائنل کر لی ہے۔ نیپال تین بار ایشیا کپ کا حصہ تو رہ چکا ہے، لیکن اب اس کی نظریں پہلی بار ورلڈ کپ تک رسائی پر مرکوز ہیں۔ اس ٹورنامنٹ کی ٹاپ 4 ٹیمیں جون 2026 میں انگلینڈ اور ویلز میں ہونے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ کل 10 ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر گروپ کی ٹاپ 3 ٹیمیں 'سپر 6' مرحلے میں پہنچیں گی۔ نیپال پہلی بار کسی بڑے عالمی ایونٹ کی میزبانی کے ذریعے اپنی کرکٹ کی تاریخ بدلنے کے لیے پر امید ہے۔ نیپالی اسکواڈ: انڈو برما (کپتان)، پوجا مہتو، روبینہ چھیتری، سیتا رانا مگر، بندو راول، سمجھنا کھڑکا، کاجل شریسٹھ، کویتا جوشی، کویتا کنور، رچنا چودھری، ریا شرما، روما تھاپا، سمن بستا، راجمتی ایری اور منیشا اپادھیائے۔ گروپ اے: بنگلہ دیش، آئرلینڈ، نمیبیا، پاپوا نیو گنی، امریکہ۔ گروپ بی: نیپال، نیدرلینڈز، اسکاٹ لینڈ، تھائی لینڈ، زمبابوے۔

## آسٹریا اسٹار اسکیئر کیتھرینا لینسبر گر انجری کے باعث ونٹر اولمپکس سے باہر



ویانا،4 جنوری (یو این آئی) 2022 کے اولمپکس میں سلالم (Slalom) سلور میڈلسٹ کیتھرینا لینسبرگر تربیتی سیشن کے دوران حادثے کا شکار ہو کر میلان کورٹینا ونٹر اولمپکس سے محروم ہو گئی ہیں۔ آسٹرین اسکی ایسوسی ایشن کے مطابق، میڈیکل چیک اپ میں ان کے دائیں گھٹنے میں 'ٹیبیل پلیٹیو فریکچر'، مینیسکس کا پھٹنا اور میڈیل کولیٹرل لگامنٹ (MCL) کی شدید چوٹ کی تصدیق ہوئی ہے۔ لینسبر گر نے 2022 بیجنگ اولمپکس میں ٹیم گولڈ اور انفرادی سلور میڈل جیتا تھا۔ وہ 2021 کی عالمی چیمپئن بھی رہ چکی ہیں۔ اطالوی اولمپکس کے آغاز سے محض ایک ماہ قبل 'سینٹ مائیکل' میں پیش آنے والے اس حادثے نے ان کے رواں سیزن کا خاتمہ کر دیا ہے۔

## آسٹریلیائی کرکٹر ڈیمین مارٹن کی آئی سی یو سے منتقلی کی امید



برسبین ،4 جنوری (یو این آئی) آسٹریلیا کے سابق مایہ ناز بلے باز ڈیمین مارٹن کی حالت میں مینینجائٹس (گردن توڑ بخار) کے حملے کے بعد غیر معمولی بہتری آئی ہے۔ ڈاکٹروں کو امید ہے کہ انہیں جلد ہی انتہائی نگہداشت کے یونٹ (ICU) سے نکال کر جنرل وارڈ میں منتقل کر دیا جائے گا۔ 54 سالہ مارٹن، جنہیں گزشتہ ہفتے گولڈ کوسٹ کے ہسپتال میں تشویشناک حالت کے باعث کوما میں رکھا گیا تھا، اب ہوش میں آ چکے ہیں اور اپنے خاندان سے گفتگو کر رہے ہیں۔ مارٹن کے قریبی دوست اور سابق ساتھی کھلاڑی ایڈم گلکرسٹ نے خاندان کی جانب سے جاری بیان میں کہا، "گزشتہ 48 گھنٹوں میں حالات نے حیران کن رخ اختیار کیا ہے۔ وہ اب بات چیت کر رہے ہیں اور علاج پر مثبت رد عمل دے رہے ہیں۔ ان کی ریکوری کسی معجزے سے کم نہیں ہے، جس کے بعد اب انہیں آئی سی یو سے ہسپتال کے دوسرے حصے میں منتقل کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ ڈیمین مارٹن کی اہلیہ امانڈا نے تمام مداحوں اور ہمدردوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ پوری دنیا سے ملنے والی دعاؤں اور نیک تمناؤں سے بے حد متاثر ہیں اور یہی محبت ان کی صحت یابی میں مددگار ثابت ہو رہی ہے۔ ڈیمین مارٹن نے 1992 سے 2006 کے درمیان آسٹریلیا کے لیے 67 ٹیسٹ میچز کھیلے۔ وہ 2000 کی دہائی میں آسٹریلیا کی اس ناقابلِ شکست ٹیم کا اہم حصہ تھے جس کی قیادت اسٹیو وا کر رہے تھے۔ وہ 2003 کا ون ڈے ورلڈ کپ جیتنے والی آسٹریلوی ٹیم کے اہم رکن بھی تھے۔ ڈیمین مارٹن اپنی خوبصورت بیٹنگ تکنیک اور مڈل آرڈر میں استحکام فراہم کرنے کے لیے مشہور رہے ہیں۔ کرکٹ کی دنیا ان کی مکمل اور جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہے۔

## ڈبلیو پی ایل 2026 یوپی واریئرز کی قیادت میگ لیننگ کے سپرد



نئی دہلی / نیوز ڈیسک / یوپی واریئرز نے اتوار کے روز ویمنز پریمیئر لیگ 2026 سے قبل آسٹریلیا کی عظیم کرکٹر میگ لیننگ کو فرنچائز کی نئی کپتان مقرر کرنے کا اعلان کیا۔ میگ لیننگ کو 2026 ڈبلیو پی ایل نیلامی میں یوپی واریئرز نے ایک اعشاریہ نو کروڑ روپے میں خریدا تھا اور وہ اپنے ساتھ شاندار قیادتی ریکارڈ اور چیمپئن شپ جیتنے کا وسیع تجربہ لے کر آ رہی ہیں۔ خواتین کرکٹ کی تاریخ کی کامیاب ترین کپتانوں میں شمار ہونے والی لیننگ آسٹریلیا کے لیے سات ورلڈ کپ فتوحات کا حصہ رہ چکی ہیں جن میں دو آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ اور پانچ آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ ٹائٹلز شامل ہیں۔ میگ لیننگ کی تقرری فرنچائز میں قیادت کی ایک اہم تبدیلی کی علامت ہے۔ وہ ایلیسا ہیلی کی جگہ ذمہ داری سنبھالیں گی جنہیں ابتدا میں یوپی واریئرز کی کپتان مقرر کیا گیا تھا تاہم انجری کے باعث انہیں یہ عہدہ چھوڑنا پڑا۔ بعد ازاں یہ ذمہ داری دیپتی شرما کو سونپی گئی جنہوں نے نتائج میں عدم تسلسل اور کھلاڑیوں کی دستیابی کے مسائل سے بھرے ایک مشکل مرحلے میں ٹیم کی قیادت کی۔ جیسے ہی یوپی واریئرز اپنے ڈبلیو پی ایل سفر کے ایک نئے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں تو میگ لیننگ کو قیادت سونپنے کا فیصلہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ فرنچائز تجربے استحکام اور پختگی کو ترجیح دے رہی ہے۔ ان کی موجودگی ایک ایسے اسکواڈ کو مزید مضبوط بناتی ہے جو عالمی سطح کے آزمودہ کھلاڑیوں اور اعلیٰ درجے کی بھارتی صلاحیتوں کے امتزاج پر مشتمل ہے۔ میگ لیننگ ڈبلیو پی ایل کے آغاز سے ہی سب سے مستقل کارکردگی دکھانے والی کھلاڑیوں میں شامل رہی ہیں۔

## یونائیٹڈ کپ: الیگزینڈر زویریف کی فاتحانہ شروعات، جرمنی نے نیدرلینڈز کو وائٹ واش کر دیا



سڈنی،4 جنوری (یو این آئی) دنیا کے نمبر 3 ٹینس کھلاڑی الیگزینڈر زویریف نے اتوار کے روز سڈنی میں منعقدہ یونائیٹڈ کپ میں نیدرلینڈز کے خلاف جرمنی کو شاندار فتح دلا کر 2026 کے سیزن کا فاتحانہ آغاز کیا ہے۔ زویریف نے نیدرلینڈز کے ٹیلن گریکسپور کو اسٹریٹ سیٹس میں 7-5 اور 6-0 سے شکست دی۔ میچ کے پہلے سیٹ میں دونوں کھلاڑیوں کے درمیان سخت مقابلہ دیکھنے کو ملا، لیکن زویریف نے 6-5 کے اسکور پر گریکسپور کی سروس بریک کر کے پہلا سیٹ اپنے نام کیا۔ دوسرے سیٹ میں جرمن کھلاڑی مکمل طور پر حاوی رہے اور حریف کھلاڑی کو ایک بھی گیم جیتنے کا موقع نہ دیا، محض سات پوائنٹس گنوا کر 6-0 سے سیٹ اور میچ جیت لیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی زویریف کا گریکسپور کے خلاف ریکارڈ 9-2 ہو گیا ہے۔ زویریف کی جیت سے قبل جرمنی کی ایوا لیس نے سیزن کے اپنے پہلے میچ میں شاندار کھیل پیش کیا۔ انہوں نے نیدرلینڈز کی سوزین لیمنز کو 6-2 اور 6-2 سے شکست دے کر جرمنی کو برتری دلائی۔ میچ کے دوران ایوا لیس کو گھٹنے کی تکلیف اور چھالوں کی وجہ سے طبی امداد (میڈیکل ٹائم آوٹ) بھی لینا پڑی، لیکن انہوں نے ہمت نہ ہاری اور 1 گھنٹے 39 منٹ کے مقابلے کے بعد فتح سمیٹی۔ جرمنی نے مکسڈ ڈبلز کے مقابلے میں بھی اپنی برتری برقرار رکھی۔ الیگزینڈر زویریف اور لورا اسیگمنڈ کی جوڑی نے گریکسپور اور ڈیمی شوئرز کو 6-3 اور 6-2 سے ہرا کر گروپ 'ایف' کے اس مقابلے میں نیدرلینڈز کے خلاف 3-0 سے کلین سویپ مکمل کیا۔

## 17 سالہ نوجوان اسٹار ابراہیم مبائے کی دھماکہ خیز انٹری، سینگل نے سوڈان کو باہر کر دیا



طنجہ، مراکش ،4 جنوری (یو این آئی) مراکش کے شہر طنجہ میں کھیلے گئے افریقن کپ آف نیشنز کے پہلے پری کوارٹر فائنل میں سینگل نے سوڈان کو 3-1 سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ اس جیت کے ہیرو پیرس سینٹ جرمین (PSG) کے 17 سالہ فارورڈ ابراہیم مبائے رہے، جنہوں نے میدان میں آنے کے محض چار منٹ بعد ہی گول کر کے اپنی ٹیم کی جیت یقینی بنائی۔ عالمی رینکنگ میں 99 درجے پیچھے ہونے کے باوجود سوڈان نے میچ کے چھٹے منٹ میں عامر عبداللہ کے شاندار گول کی بدولت برتری حاصل کر کے سب کو حیران کر دیا۔ سینگل نے جلد ہی کھیل پر گرفت مضبوط کی اور پاپے گوئے نے سادیو مانے کے پاس پر گول کر کے اسکور برابر کر دیا۔ ہاف ٹائم سے چند لمحے قبل پاپے گوئے نے اپنا دوسرا گول اسکور کر کے سینگل کو 2-1 کی برتری دلا دی۔ دوسرے ہاف میں متبادل کھلاڑی کے طور پر آنے والے نوجوان ابراہیم مبائے نے 77 ویں منٹ میں گیند کو جال کی راہ دکھا کر سوڈان کی واپسی کے تمام راستے بند کر دیے۔ سینگل کے کوچ پاپے تھیاؤ نے سوڈان کی نظم و ضبط والی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس جیت کے لیے سخت محنت کرنا پڑی۔ دوسری جانب سوڈان کے کوچ کویسی اپیا نے کہا کہ اگرچہ وہ نتیجے سے مایوس ہیں، لیکن انہیں اپنے کھلاڑیوں کی ہمت پر فخر ہے جنہوں نے خانہ جنگی کے شکار ملک کی بہترین نمائندگی کی۔ ابراہیم مبائے نے اس سے قبل فرانس کی جونیئر ٹیموں کی نمائندگی کی تھی، تاہم انہوں نے بین الاقوامی سطح پر اپنے والد کے وطن سینگل کے لیے کھیلنے کا فیصلہ کیا۔ کوارٹر فائنل میں سینیگال کا مقابلہ اب مالی سے ہو گا۔

## ایلسٹر کک کی انگلینڈ کوچنگ کے لیے آمادگی، انتظامیہ سے اب تک کوئی رابطہ نہیں



نئی دہلی / نیوز ڈیسک / سابق انگلش کپتان اور تجربہ کار بلے باز ایلسٹر کک نے کہا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے کسی مرحلے پر انگلینڈ کی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے ساتھ منسلک ہونا چاہتے ہیں اور ٹیم میں مثبت تبدیلی لانے کی کوشش کریں گے تاہم اس وقت تک انگلینڈ کرکٹ انتظامیہ کی جانب سے ان سے کوچنگ کے حوالے سے کوئی رابطہ نہیں کیا گیا۔ ایلسٹر کک کے حوالے سے سابق انگلش کرکٹر مائیکل ایتھرٹن نے رائے دی تھی کہ ایشز کے بعد انہیں اسسٹنٹ کوچ کے کردار کے لیے زیر غور لایا جا سکتا ہے کیونکہ ان کی مختلف سوچ اور آواز انگلینڈ ٹیم کو ایک مشکل دور کے بعد اپنے معیار دوبارہ قائم کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ ایتھرٹن نے تسلیم کیا کہ کک کو کوچنگ سیٹ اپ میں شامل کرنا ایک بڑی تبدیلی اور حتیٰ کہ مکمل تضاد ثابت ہو سکتا ہے مگر ان کے مطابق اس مرحلے پر ایسی تبدیلی ضروری بھی ہو سکتی ہے۔ اسکائی اسپورٹس سے گفتگو کرتے ہوئے ایلسٹر کک نے ایتھرٹن کی بات پر رد عمل دیتے ہوئے کہا کہ کسی نہ کسی مرحلے پر وہ انگلینڈ کرکٹ ٹیم کا حصہ بننا چاہیں گے تاکہ بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ فی الحال مختلف افراد اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں اور اس حوالے سے ان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ مائیکل ایتھرٹن کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران کارکردگی میں کمی کے بعد انگلینڈ ٹیم کو ڈریسنگ روم میں کسی مختلف سوچ کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاید یہی وقت ہے کہ ٹیم کو ایک نئی آواز سنائی دے۔ ایتھرٹن نے انگلینڈ کے ہیڈ کوچ برینڈن میک کولم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ کھلاڑیوں میں اعتماد پیدا کرنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتے ہیں تاہم ان کے بقول مجموعی کارکردگی کے معیار میں کچھ کمی آئی ہے۔

## ڈبلیو ٹی ٹی یوتھ کنٹینڈر: سنڈریلا داس اور روپم سردار انڈر 17- چیمپیئن بن گئے



وڈودرا،4 جنوری (یو این آئی) ہندوستانی ٹیبل ٹینس کھلاڑیوں سنڈریلا داس اور روپم سردار نے وڈودرا کے ساما انڈور اسپورٹس کمپلیکس میں منعقدہ ڈبلیو ٹی ٹی یوتھ کنٹینڈر 2026 میں بالترتیب انڈر 17- لڑکیوں اور لڑکوں کے سنگلز خطابات اپنے نام کر لیے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی دیویجا پال اور دیو پرنب بھٹ نے انڈر 13- کیٹیگری میں ٹرافیاں اٹھائیں۔ انڈر 17- کیٹیگری کے نتائج: سنڈریلا داس نے فائنل میں ہنسینی ماتھن کو ایک سخت مقابلے کے بعد 1-3 سے شکست دی (اسکور: 3-11، 11-9، 9-11، 11-8)۔ سنڈریلا نے سیمی فائنل میں جاپان کی مکوما تسوشیما کو ہرا کر سب کو حیران کر دیا تھا۔ روپم سردار نے انڈر 17- فائنل میں سوہم مکھرجی کو 1-3 سے ہرا کر خطاب جیتا (اسکور: 8-11، 11-6، 11-5، 11-3)۔ انڈر 13- کیٹیگری میں دیویجا پال نے لڑکیوں کے فائنل میں ہرشیتا نورانی کے خلاف شاندار واپسی کرتے ہوئے 2-3 سے فتح حاصل کی۔ دیو پرنب بھٹ نے لڑکوں کے سنگلز فائنل میں اشوجیت متھو کمارن کو 1-3 سے ہرا کر چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ مکسڈ ڈبلز میں سنڈریلا داس کے پاس اتوار کو ڈبل اعزاز حاصل کرنے کا موقع ہو گا، کیونکہ وہ اور ان کے ساتھی سارتھک آریا انڈر 19- مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

## ٹائسن فیوری 2026 میں باکسنگ میں واپسی کے لیے تیار



نئی دہلی / نیوز ڈیسک / سابق عالمی ہیوی ویٹ چیمپئن ٹائسن فیوری نے اتوار کے روز پیشہ ورانہ باکسنگ میں واپسی کی تصدیق کر دی، جس کے ساتھ ہی ان کی تازہ ترین ریٹائرمنٹ کا خاتمہ ہو گیا اور 2026 میں ایک بڑے اور ہائی پروفائل مقابلے کی راہ ہموار ہو گئی۔ اس اعلان کے بعد شائقین اور باکسنگ حلقوں میں برطانوی حریف انتھونی جوشوا کے خلاف طویل عرصے سے متوقع فائٹ کے حوالے سے جوش و خروش بڑھ گیا ہے۔ فیوری نے یہ اعلان سوشل میڈیا کے ذریعے کیا۔ انہوں نے انسٹاگرام پر لکھا کہ 2026 وہ سال ہے جب واپسی ہو رہی ہے۔ میں کچھ عرصے سے دور تھا لیکن اب واپس آ گیا ہوں۔ میری عمر 37 برس ہے اور میں اب بھی مکے مار رہا ہوں۔ مردوں کے چہروں پر مکے مارنے اور اس کے بدلے پیسے کمانے سے بہتر اور کوئی کام نہیں۔ ٹائسن فیوری کی یہ واپسی اولیگزینڈر اوسیک کے ہاتھوں مسلسل دو شکستوں کے بعد سامنے آئی ہے، جن میں تازہ ترین شکست دسمبر 2024 میں ہوئی تھی۔ ان ناکامیوں سے قبل فیوری کا پیشہ ورانہ ریکارڈ ناقابلِ شکست رہا، جس میں انہوں نے 35 فائٹس میں 34 فتوحات حاصل کیں اور ایک مقابلہ برابر رہا۔ تقریباً ایک دہائی تک جاری اس شاندار سلسلے نے انہیں ہیوی ویٹ ڈویژن کی ایک غالب قوت کے طور پر منوایا۔ اعلان کے فوراً بعد توجہ ایک ممکنہ مقابلے کی جانب مبذول ہو گئی جو انتھونی جوشوا کے خلاف ہو سکتا ہے۔ اگرچہ فیوری نے کسی حریف کا نام نہیں لیا، مگر ان کی واپسی ایسے وقت میں ہوئی ہے جب 2026 میں اس طویل عرصے سے زیرِ بحث فائٹ کے انعقاد کے مطالبات زور پکڑ رہے ہیں۔ دوسری جانب جوشوا، جنہوں نے حال ہی میں یوٹیوب اسٹار جیک پال کو ناک آوٹ کیا، اس ہفتے نائجیریا میں ایک کار حادثے میں زخمی ہو گئے، جس سے ان کی فوری دستیابی پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔

## ایس اے 20: بارش کی نظر ہوا ایک اور مقابلہ، کیپٹلز اور سپر جائنٹس کے درمیان میچ منسوخ



سنچورین ،4 جنوری (یو این آئی) جنوبی افریقہ میں جاری ایس اے 20 (SA20) لیگ میں خراب موسم نے شائقین کے ارمانوں پر پانی پھیر دیا۔ سینچورین میں پریٹوریا کیپٹلز اور ڈربن سپر جائنٹس کے درمیان شیڈول میچ ایک بھی گیند پھینکے بغیر بارش کے باعث منسوخ کر دیا گیا۔ کھیل کے آغاز سے قبل تماشائیوں کی بڑی تعداد اسٹیڈیم میں موجود تھی اور انہیں امید تھی کہ بارش تھم جائے گی۔ جب مقامی وقت کے مطابق شام 18:50 پر دونوں کپتان، کیشو مہاراج اور ایڈن مارکرم ٹاس کے لیے میدان میں آئے تو میچ کے انعقاد کی امید جاگی۔ ٹاس ڈربن سپر جائنٹس کے کپتان کیشو مہاراج نے جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا (میچ کو بارش کی وجہ سے پہلے ہی 16، 16 اوورز تک محدود کر دیا گیا تھا)۔ ٹاس کے فوراً بعد کھلاڑیوں کے میدان میں اترنے سے قبل ہی بارش کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گیا جو تھمنے کا نام نہ لے سکا۔ مسلسل بارش کے باعث امپائرز نے میچ ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاقہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکار کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR,
Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781